اچ ایم گورنمنٹ

ریگولیٹری ریفارم (فائرسیفٹی) آرڈر 2005ء

# آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ



چیف فائرآفیسرز ایسوسی ایشن

REF: FIRE_SAFETY_GUIDE

حوالہ: آتشزدگی سے بچاؤ کی گائیڈ

آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ

## ضروری مشورے اور معلومات

رسک مینجمنٹ کے بعد اگر آپ کو تفصیلی اور قابل عمل معلومات اور ہدایات درکار ہوں تو فائر اینڈ ریسکیو سروس والے اس ضمن میں معاون ہو سکتے ہیں (فون بک میں فائر کے نیچے ملاحظہ فرمائیں)

آپ اپنی عمارت کی مناسبت سے ضروری ہدایات کتابوں کی دکانوں اور انٹرنیٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں

**www.firesafetyguides.communities.gov.uk**

آپ متوقع خطرات سے نمٹنے اور سنگین نوعیت کے آتش گیر مادے کے بارے میں معلومات ایچ ایس ای کے دفتر یا ان کی ویب سائٹ www.hse.gov.uk بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ فون نمبر 020 72167525 پر آرسن پریوینشن بیورو سے بھی معلومات کا حصول ممکن ہے۔

آپ اس کتابچے کی مزید کاپیاں اور متبادل فارمیٹ بھی درج ذیل پتے سے حاصل کر سکتے ہیں:

ڈی سی ایل جی پبلیکشنز
پی او بکس 236، ویدر بے،
ویسٹ یارک شائر،
LS23 7NB
فون 0870 1226 236
فیکس 0870 1226 237
ٹیکسٹ فون 0870 1207 405
ای میل ایڈریس: odpm@twoten.press.net

پراڈکٹ کوڈ: 05 FRSD 03546

اس گائیڈ کے حقوق ملکیت کراؤن کے پاس ہیں۔
اس کتابچے کے کسی بھی حصہ کی نقل یا اس میں درج مواد کی کاپی صرف کراؤن کے زیر اختیار ہے۔

شائع کردہ: ڈپارٹمنٹ فار دی کمیونیٹز اینڈ لوکل گورنمنٹ۔
برطانیہ میں یہ کتابچہ کم از کم 75 فیصدری سائکلڈ ویسٹ سے تیار کئے گئے کاغذ پر شائع کیا گیا ہے۔

Crystal Mark
Clarity approved by Plain English Campaign

A short guide to making your premises safe from fire/Urdu

## تعارف




یہ کتابچہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے تاجروں کو آتشزدگی سے محفوظ رہنے کیلئے آسان اور قابل عمل راہنمائی فراہم کریگا۔

اس کتابچہ سے یہ بھی معلوم ہوسکے گا کہ آپ ریگولیٹری ریفارم (فائرسیفٹی) آرڈر **2005**ء پر کس طرح عمل درآمد یقینی بنا سکتے ہیں۔

یہ کوئی تفصیلی گائیڈ نہیں ہے اور نہ ہی ہماری وسیع اور طویل مدتی گائیڈ کا متبادل ہے۔

اگر آپ مزید معلومات کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تو اس کتابچے کے آخر پر مختلف قسم کی گائیڈ حاصل کرنے کے طریقوں کی تفصیل اور اس سے متعلقہ دیگر مواد کی فہرست ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

## ریگولیٹری ریفارم (فائرسیفٹی) آرڈر 2005ء کیا ہے؟

حکومت نے دور جدید کے تقاضوں کے عین مطابق کاروباری مقامات کا انتظام وانصرام یقینی بنانے کا تہیہ کررکھا ہے یہی وجہ ہے کہ اس نے یہ حکم ریگولیٹری ریفارم ایکٹ **2001**ء کے تحت جاری کیا ہے۔اس ایک حکم کے ذریعے پہلے سے بنائے گئے آتشزدگی سے بچاؤ کے بیشتر قوانین تبدیل کردیئے گئے ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی فرد جس کے ذمہ کسی خاص مقام کے انتظام کی ذمہ داری ہے اسے آتشزدگی سے بچاؤ کیلئے تمام ضروری اقدامات کرنے چاہییں اور اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ اگر خدانخواستہ آگ لگ جائے تو اس مقام پر موجود افراد باآسانی بچ کر نکل سکیں۔

## یہ کتابچہ کیا کرسکتا ہے؟

یہ کتابچہ آپ کو مرحلہ وار اس طریقہ کار کی طرف راہنمائی کرے گا جس کے ذریعے آپ آتشزدگی سے محفوظ رہنے کے طریقے سیکھ سکیں گے اور اس عمل میں آپ کو کسی باقاعدہ علم، مخصوص تربیت اور ماہرانہ تعاون کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوگی۔

آگ سے بچنا سیدھی سادی بات ہے جسے ہر کوئی جانتا ہے لیکن آپ کو چاہیے کہ اس بات کو یقینی بنائیں اور اس ضمن میں ضروری اقدامات کرنے کیلئے زیادہ وقت وقف کریں۔کیئر ہومز، ہسپتال اور بڑے سینما گھر وغیرہ جیسے پیچیدہ مقامات پر زیادہ لوگوں کی زندگیوں کو خطرہ ہوتا ہے ایسے مقامات پر آتشزدگی سے محفوظ رہنے کیلئے زیادہ مناسب اور ماہرانہ مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

## آتشزدگی سے بچاؤ کا حکم کن مقامات پر لاگو ہوتا ہے؟

ظاہر ہے کہ یہ آرڈر تمام مقامات اور ہر قسم کی عمارت، سٹرکچر اور کھلی جگہ پر لاگو ہوگا: مثال کے طور درج ذیل وہ مقامات ہیں جو اس آرڈر کے دائرہ کار میں آتے ہیں:

دفاتر اور دکانیں
ایسے مقامات جہاں لوگوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے مثلاً کیئر ہومز اور ہسپتال
کمیونٹی ہالز، عبادت گاہیں اور دیگر سماجی مراکز
ایسی جائیدادیں جو بہت سے لوگوں کی مشترکہ ہوں اور وہاں کئی لوگ رہائش پذیر ہوں
کلب، شراب خانے اور ریسٹورنٹس
سکول اور کھیلوں کے مراکز
شامیانے اور قناتیں
ہوٹلز اور ہوسٹلز
فیکٹریاں اور گودام

یہ حکم درج ذیل مقامات پر لاگو نہیں ہوتا:

ایسے افرادی فلیٹ جو کسی کے گھر میں ہوں یا بلاک میں، اسکے علاوہ لوگوں کے نجی گھروں پر بھی یہ حکم لاگو نہیں ہوتا۔

آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ

## اس حکم کے چیدہ چیدہ قواعد وضوابط کیا ہیں؟

آپ پرلازم ہے کہ:



- آگ کے خدشہ کا پوری طرح ادراک کریں اور اس سے پہنچنے والے نقصان اور خطرات کا پوری طرح اندازہ لگائیں۔
- ان افراد کے بارے میں سوچیں جن کو آتشزدگی سے خاص طور پر نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوسکتا ہے۔
- جہاں تک ممکن ہو آگ کے خطرات سے نجات حاصل کریں یا ان خطرات کو کم کریں اسکے علاوہ آگ کے متوقع اور باقی ماندہ خدشات سے بچنے اور نمٹنے کیلئے لوگوں کو خبردار کریں۔
- اگر کہیں آتش گیر مادہ رکھا یا سٹور کیا جاتا ہے تو اس کی حفاظت اور متوقع آتشزدگی سے بچاؤ کیلئے تمام ضروری اقدامات کریں۔
- کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے باقاعدہ پلان تیار کریں اور اس ضمن میں جو نتائج آپ اخذ کریں ان کا ریکارڈ رکھیں۔
- جب کبھی مناسب اور ضروری سمجھیں تو ان نتائج پر نظر ثانی کریں۔

## اس حکم پر عملدر آمد کرانے یا کرنے کا ذمہ دار کون ہے؟

اس حکم کے تحت ہر وہ شخص اور فرد جس کے ذمہ گھر اور کسی دوسرے مقام کا انتظام ہو، اسکے علاوہ وہ فرد جس کا کچھ علاقوں یا ایک مخصوص حصے یا سسٹم پر جزوی کنٹرول وہ بھی اس حکم پر عملدر آمد کا پابند ہے۔ مثال کے طور پر:

- کسی جگہ کے کچھ حصوں میں کام کرنیوالے ملازمین کا آجر جس سے یہ ملازمین بوقت ضرورت رجوع کرسکیں۔
- کسی بلڈنگ کا منیجر یا مشترکہ حصوں کا مالک بھی ذمہ دار ہوسکتا ہے وہ فرد جو آگ سے بچاؤ کے آلات، اور آتشزدگی سے خبردار کرنیوالے مشترکہ سسٹم یا آگ بجھانے والے سلنڈر کا مالک یا منتظم ہو وہ بھی ذمہ دار افراد میں شامل ہوگا۔
- کسی مقام پر رہائش پذیر فرد، اپنا کاروبار کرنیوالے اور انتظامی امور پر کنٹرول رکھنے والی رضا کارانہ تنظیمیں بھی ذمہ داروں کے زمرے میں آتی ہیں۔
- ہر وہ فرد جس کا کسی عمارت کے کسی بھی حصہ پر کچھ کنٹرول ہو وہ بھی ذمہ دار قرار دیا جائیگا۔

اگرچہ زیادہ تر مقامات پر ذمہ دار فرد کو سب جانتے ہوتے ہیں لیکن بعض حالات میں ایک سے زائد افراد کو ذمہ داری سونپ دی جاتی ہے۔

## آتشزدگی سے بچاؤ کے حکم پر میں کیسے عملدر آمد کرسکتا ہوں؟

اگر آپ ایک ذمہ دار فرد ہیں تو آپ پر لازم ہے کہ آتشزدگی کے خطرات کا پیشگی احساس اور اندازہ لگائیں آپ یہ ذمہ داری کسی دوسرے فرد کو بھی سونپ سکتے ہیں لیکن اس کے باوجود قانونی طور پر ذمہ دار آپ ہی ہونگے۔

ذمہ دار فرد خود یا دوسروں کی مدد سے کو حتی الامکان اس بات کو یقینی بنائے کہ آگ لگنے کی صورت میں متعلقہ عمارت یا جگہ پر موجود اور ارد گرد کے تمام افراد بحفاظت وہاں سے نکل سکیں۔

یہ قانونی حکم پہلے والے احکامات سے مختلف ہے اس لئے آپ کو ہر اس فرد کے بارے میں سوچنا ہوگا جو آپکی عمارت میں موجود ہے۔ خواہ یہ افراد اس جگہ کے ملازم ہوں یا وزٹر یا عام افراد ہوں ان کی حفاظت آپکی ذمہ داری ہے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی جگہ اوپن ائرتھیٹر جیسی ہو تو آپ کو معذور اور ایسے افراد پر زیادہ توجہ دینا ہوگی جن کو زیادہ مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

اس حکم میں واضح طور پر ہدایت کی گئی ہے کہ آپ کو اپنے گھر یا کاروباری مقام پر آگ سے بچاؤ کا انتظام لازمی کرنا ہوگا۔ اس ضمن میں متعلقہ حکام کوئی نیا فائر سرٹیفکیٹ جاری نہیں کرینگے اور جو سرٹیفکیٹ پہلے نافذ تھے ان کی اب کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔

فائر سرٹیفکیٹ نہ ہونے کے باوجود آپ کو آتشزدگی کے خطرات کا تعین کرنا ہوگا اس ضمن میں اگر آپ کے پاس کوئی پرانا سرٹیفکیٹ موجود ہیں تو وہ نئے سرے سے اس کام کے آغاز میں مفید ثابت ہوگا۔

اگر آپ کا دفتر یا کاروبار کی جگہ جدید دور کے بلڈنگ قواعد وضوابط کے مطابق تعمیر کی گئی ہے اور اس کا استعمال بھی انہی خطوط پر ہورہا ہے تو پھر بھی اس میں موجود آتشزدگی کے خطرہ سے نمٹنے کے انتظامات قابل قبول ہونے چاہییں۔ ان تمام عوامل کے ساتھ ساتھ آپ پر لازم ہے کہ آگ لگنے کے خطرات کا تعین کریں اور ان سے بچاؤ کے تمام انتظامات کو برقرار اور روٹین کے مطابق جاری رکھیں۔

## آگ سے بچاؤ اور خطرات کا تعین

**1** ...... آگ کے خطرات کا تعین کریں۔

- اسکے علاوہ ان عوامل کی نشاندہی بھی کریں:
- وہ ذرائع جن سے آگ لگ سکتی ہے
- ایندھن اور آکسیجن کے ذرائع

**2** ...... جن افراد کو خطرہ ہو ان کی نشاندہی

- کاروباری مقام کے اندر اور اردگرد کے لوگوں کی
- اور ان افراد کی جن کو خاص طور خطرہ لاحق ہو۔

**3** ...... خطرے کا پیشگی اندازہ کر کے اسے ختم یا کم کریں اور اس سے بچاؤ کے انتظامات کو حتمی شکل دیں

- آگ لگنے کے خدشات کا تعین کریں
- جن افراد کو خطرہ لاحق ہو ان کی نشاندہی کریں
- آتشزدگی کے خطرہ کو کم یا ختم کریں
- لوگوں کیلئے آگ کے خطرات کو ختم یا کم کریں
- لوگوں کو آگ کے خطرات سے آگاہ کر کے ان کو بچائیں

**4**......آتشزدگی سے بچاؤ کا منصوبہ تیار کریں، اس ضمن میں ضروری ریکارڈ مرتب کریں اور لوگوں کو خطرے سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ حفاظت کی تربیت اور ہدایات بھی دیں

- آگ سے بچاؤ کیلئے اگر آپ نے کوئی بڑا کام کیا ہے یا اہم بات یا نتیجہ اخذ کیا ہے تو اس کا ریکارڈ مرتب کریں۔
- اس بارے میں دوسرے ذمہ دار افراد سے تبادلہ خیال اور ان سے ملکر کام کریں۔
- ہنگامی صورتحال میں بچنے کیلئے منصوبہ تیار کریں۔
- متعلقہ لوگوں کو ہدایات دیں اور انہیں خطرات سے آگاہ کریں۔
- لوگوں کو آتشزدگی سے بچنے کی تربیت بھی دیں۔

**5**......جائزہ اور نظر ثانی

- آگ کے خطرات سے بچاؤ کیلئے جن کا خدشات کا آپ نے اندازہ لگایا ہے ان کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے رہیں
- ان خدشات کے جائزہ عمل میں جہاں اور جب ضروری سمجھیں تبدیلی کر دیں۔

**فائر رسک اسیسمنٹ پر باقاعدگی سے نظر ثانی کرنا ہمیشہ یاد رکھیں۔**

**مرحلہ نمبر 1**......اپنے کاروبار والی جگہ کے اندر خطرات کی نشاندہی کریں:



- جن چیزوں کے ذریعے آگ لگ سکتی ہے مثلاً ہیٹر، سامنے نظر آنیوالے شعلے اور کمرشل پراسیس وغیرہ
- فیول کے ذرائع جیسے کوڑے کے ڈھیر، ڈسپلے میٹریل، ٹیکسٹائل اور گنجائش سے زیادہ کسی جگہ رکھی جانیوالی اشیاء
- آکسیجن کے ذرائع :ان میں ایئر کنڈیشنگ ،میڈیکل اور کمرشل سپلائی کی اشیاء وغیرہ شامل ہیں۔

**مرحلہ 2**......جن لوگوں کو خطرات لاحق ہوں ان کی نشاندہی

آپ کو ایسے لوگوں کی نشاندہی ضرور کرنی چاہیے جنہیں زیادہ خدشات لاحق ہوں:

- آگ کے خطرے والی جگہ کے قریب کام کرنیوالے لوگ
- الگ الگ کام کرنیوالے یا پھر علیحدہ مقام پر کام میں مصروف لوگ (سٹور اور چھتوں پر کام کرنے والے افراد وغیرہ)
- چھوٹے بچے اور والدین جن کے ساتھ دودھ پیتے معصوم بچے بھی ہوں
- بوڑھے اور کمزور افراد اور معذور لوگ

**مرحلہ نمبر 3**......خطرات کا اندازہ لگائیں اور ان خطرات کو ختم یا کم کر کے لوگوں کو ان سے بچائیں

اپنے کاروبار والی جگہ پر آگ کے خطرے کی سطح کا اندازہ لگائیں اور ان کو ختم یا کم کریں اور جن خطرات کی آپ نے نشاندہی کر لی ہو ان کو جہاں تک ممکن ہو ختم کرنے کی کوشش کریں مثال کے طور پر


- جن اشیاء کو زیادہ تیزی سے آگ لگنے کا خطرہ ہو ان کی جگہ ایسی اشیاء رکھ دیں جنہیں تیزی سے آگ نہ لگے۔
- آتش گیر مادے کو آگ کے ذرائع سے دور اور الگ رکھیں
- اسکے علاوہ تمباکو نوشی سے پرہیز کی پالیسی جاری رکھیں

جب آپ زیادہ سے زیادہ حد تک آگ کے خطرات کم کر چکیں تو پھر سوچیں آیا کوئی خطرہ باقی تو نہیں رہ گیا۔ علاوہ ازیں یہ بھی فیصلہ کریں کہ ایسے مزید اقدامات کیا ہو سکتے ہیں جن سے آگ کے خطرہ سے معقول حد تک بچاؤ ممکن ہو جائیگا۔

آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ

## آگ سے بچاؤ کے عمومی اقدامات

اس چھوٹے سے کتابچے میں ہر قسم کے دفتر اور کاروباری مقام کے لئے تفصیلی ہدایات شامل کرنا ممکن نہیں تاہم اس ضمن میں کم سے کم جو باتیں ضروری ہیں وہ یہ ہیں:





### آتشزدگی کا پتہ چلانے اور اس سے خبردار کرنے والا سسٹم

- آپ کے پاس آتشزدگی کا پتہ چلانے اور خبردار کرنے والا مناسب نظام لازمی ہونا چاہیے۔ یہ نظام اونچی آواز میں خبردار کرنے والے الارم کا بھی ہوسکتا ہے اور بجلی کے آلات کی مدد سے خبردار اور مطلع کرنے والا بھی۔
- آگ سے خبردار کرنے والا سسٹم خواہ کسی قسم کا ہو اس میں اتنی صلاحیت ضرور ہونی چاہیے کہ ہر قسم کے حالات میں لوگوں کو خبردار کرسکے۔

### چھوٹے لیول پر آتشزدگی سے نمٹنے کا طریقہ

- بہتر یہ ہے کہ آپ کثیر المقاصد قسم کا آگ بجھانے والا سسٹم اپنے دفتر میں رکھیں یہ سسٹم گارنٹی والا ہونا چاہیے۔
- آتشزدگی سے بچاؤ کے قانون کے مطابق 200 مربع میٹر کے علاقے میں کم از کم ایک آگ بجھانے والا آلہ ضرور موجود ہونا چاہیے اگر فلور دو ہوں تو ہر فلور کیلئے ایک آلہ ہونا چاہیے۔

### آگ بجھانے والے پورٹیبل آلات کی اقسام




آپ سرخ رنگ کے سلنڈر پر دیئے گئے مختلف آگ بجھانے والے اجزاء کے نام ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ ہم نے ہیلن سلنڈر کی تصویر یہاں نہیں دکھائی کیونکہ اب برطانیہ میں یہ سلنڈر تیار کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## آتشزدگی کی صورت میں لوگوں کے نکلنے کیلئے محفوظ راستے

- اگرچہ یہ ہر جگہ اور ہمیشہ ممکن نہیں تاہم جس عمارت میں بچ نکلنے کے ایک سے زائد راستے ہوں وہ آئیڈیل ہوتی ہے۔
- اگر اس مقصد کیلئے صرف ایک راستہ ہی دستیاب ہو تو اس کو آگ سے اس طرح محفوظ بنایا جائے کہ اس پر آگ اثر نہ کرے۔ اسکے علاوہ یہاں ایک خودکار قسم کا فائر پروٹیکشن سسٹم بھی نصب کیا جانا چاہیے۔
- یہ محفوظ راستہ جس قدر ممکن ہو چھوٹا رکھا جائے۔ اس راستہ کا فاصلہ عمارت میں موجود سب سے دور کمرے کے آخری کونے سے سیڑھیوں تک ناپا جائے اور اگر سیڑھیاں نہ ہوں تو آخری بیرونی دروازے تک اس کی پیائش کی جائے۔
- اگر عمارت میں محفوظ راستہ صرف ایک ہو تو اسکا فاصلہ 18 میٹر سے زیادہ لمبا نہیں ہونا چاہیے۔ جن عمارتوں میں آگ لگنے اور تیزی سے پھیلنے کا امکان زیادہ ہو وہاں محفوظ راستے کا فاصلہ 12 میٹر یا اس سے بھی کم ہونا چاہیے۔ جن عمارتوں میں آتشزدگی اور آگ کے تیزی سے پھیلنے کے امکانات کم ہوں وہاں یہ فاصلہ 25 میٹر تک بھی رکھا جاسکتا ہے۔
- ایسی عمارات جہاں ایک سے زائد محفوظ راستے ہوں وہاں یہ فاصلہ 45 میٹر سے زیادہ طویل نہ رکھا جائے اور عمارت کے جس حصے میں آگ لگنے کا خدشہ زیادہ ہو وہاں یہ فاصلہ 25 میٹر اور جہاں آگ کا خطرہ بہت ہی کم ہو وہاں 60 میٹر بھی رکھا جاسکتا ہے۔
- سیڑھیاں، کوریڈورز اور آگ سے بچنے والے راستے اور اس کے قریب دیگر حصوں میں ہر قسم کی رکاوٹ دور کی جائے اور یہاں آگ پکڑنے والا میٹریل ہرگز نہ رکھا جائے۔
- محفوظ راستہ اس قسم کا ہونا چاہیے کہ وہ سیدھا آخری بیرونی دروازے تک یا بالکل محفوظ مقام تک جائے۔
- اگر سیڑھیاں محفوظ نہ ہوں تو بچ نکلنے کا راستہ اتنا لمبا ہونا چاہیے جتنا اوپر ایک محفوظ راستے والی عمارت کیلئے بیان کیا گیا ہے۔ اس قسم کی عمارت میں آخری بیرونی دروازے تک رسائی آسان ہونی چاہیے اور اس دروازے تک سیڑھیوں اور فلور گراؤنڈ سے بھاگ کر پہنچنا بھی مشکل نہیں ہونا چاہیے۔
- جن کمروں میں آگ لگنے کا زیادہ خطرہ ہو انکو عام طور پر محفوظ راستے یا سیڑھیوں میں براہ راست نہیں کھلنا چاہیے۔
- اگر آپ فائر رسک اسیسمنٹ کرتے وقت محسوس کریں کہ کسی فلور پر کام کرنے والے افراد کو آگ کا پتہ نہیں لگ سکے گا تو پھر آگ سے بچاؤ کے دیگر اقدامات کرنے ہونگے مثال کے طور پر آگ کا پتہ چلانے اور خبردار کرنے والا آٹومیٹک سسٹم لگانا ہوگا۔

آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ

ان گائیڈ لائنز پر احتیاط سے عمل کریں۔ آپ عمارت کے ہر کونے اور حصے کو غور سے دیکھیں اور خود فیصلہ کریں کہ آتشزدگی کی وارننگ ملنے پر عمارت میں موجود لوگ کتنی جلدی ردعمل ظاہر کرینگے۔ اگر آپ کے ذہن میں کوئی شک یا خدشہ موجود ہے یا آپ کی عمارت ایسی ہے جہاں لوگوں کو دیکھ بھال یا سونے کی سہولت دی جاتی ہے تو آپ حکومت کی طرف سے شائع کردہ تفصیلی ہدایات کا مطالعہ کریں یا کسی ماہر سے مشورہ کیلئے رابطہ کریں۔

## آگ سے بچنے والے موزوں ترین دروازے

- آپ کو محفوظ راستے پر موجود دروازے استعمال کرنے کا طریقہ آنا چاہیے ان دروازوں کو کھولنے کیلئے کسی چابی یا خاص طریقے کی ضرورت نہیں پڑنی چاہیے۔
- ایسی عمارت جہاں زیادہ لوگوں کا آنا جانا ہو یا یہ زیادہ افراد استعمال کرتے ہوں تو وہاں خطرے سے آگاہی کیلئے بٹن یا پیڈ دبانے کی ضرورت ہوگی۔

## دیگر قابل غور باتیں

- کیا آپ کو ہنگامی صورتحال کیلئے لائٹنگ کی ضرورت ہے
- آگ سے بچاؤ کیلئے پوری عمارت میں سائن بورڈ (سب سے چھوٹی عمارت میں ان کا ہونا اتنا ضروری نہیں)
- آپ کے سٹاف کی ٹریننگ، اسکے علاوہ کسی ایسے فرد کی تربیت بھی ممکن ہے جو آپ کے خیال میں ایک اچھا مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔
- آپکو ایک اچھا مینجمنٹ سسٹم بھی تشکیل دینا ہوگا جس کی مدد سے فائر سیفٹی نظام پر عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے۔

بعض چھوٹی اور سادہ عمارتوں میں یہ سب مراحل پورے کرنے آسان ہوسکتے ہیں لیکن اس کے باوجود آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ نے ان تمام مراحل پر کامیابی سے عملدرآمد کردیا ہے۔

## مرحلہ نمبر 4......لوگوں کو مطلع کرنا، تربیت دینا اور سمجھانا اور اسکے ساتھ ساتھ منصوبہ سازی اور ریکارڈ مرتب کرنا

اس مرحلے میں آپ کو ریکارڈ تیار کرنے کے علاوہ منصوبہ بندی بھی کرنا ہوگی ۔لوگوں کو خطرے سے بچنے کی اطلاع اور ہدایت بھی دینی ہوگی ۔مرحلہ نمبر 1 اور 2 کے مطابق ان لوگوں کا ریکارڈ مرتب کریں جو آپکے خیال میں خطرے سے زیادہ دوچار ہوسکتے ہیں اور مرحلہ نمبر 3 کے تحت ان اقدامات کا ریکارڈ تیار کریں جو آپ اس سلسلے میں کرچکے ہیں۔ ایک سادہ سا منصوبہ آپ کو ان مقاصد کے حصول میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

آپ اپنی عمارت کے مطابق ہنگامی صورتحال کا پلان تیار کرنے کی ضرورت بھی پڑسکتی ہے۔
اس پلان میں ان اقدامات کا ذکر ہونا چاہیے جو اپنی یا قریبی عمارت میں آتشزدگی کی صورت میں اٹھائے جاسکتے ہیں اس مقصد کیلئے آپ کو سٹاف اور کبھی کبھی دیگر لوگوں کو ہدایات دینا پڑیں گی ان لوگوں میں ہوٹلوں میں ٹھہرنے والے اور رضا کار سٹیورڈ شامل ہوسکتے ہیں۔ تمام ملازمین کو عمارت میں موجود خطرات کے بارے میں معلومات اور تربیت ضرور حاصل کرنی چاہیے۔ جو لوگ آگ بجھانے پر مامور ہوں انہیں تو مکمل اور بھرپور تربیت حاصل کرنی چاہیے۔

## مرحلہ نمبر 5...... جائزہ اور نظر ثانی

آپ اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کی فائر رسک اسیسمنٹ مکمل اور اپ ٹو ڈیٹ ہے۔ اگر محسوس کریں کہ یہ اسیسمنٹ اب قابل عمل یا مفید نہیں رہی تو اس کا ازسرنو جائزہ اور چھان بین کریں۔ مثلاً عمارت میں کوئی ایسی تبدیلی واقع ہو جس سے خطرے کا امکان بڑھ جائے یا کوئی بھول چوک ہوجائے تو جائزہ کا عمل شروع کردینا چاہیے۔ جائزہ لینے کیلئے درج ذیل امور سامنے آسکتے ہیں:

- کوئی ایسا مواد سٹور کرتے ہیں جو آسانی سے آگ پکڑسکتا ہے
- نئی نائٹ شفٹ کا آغاز
- جو لوگ عمارت استعمال کرتے ہیں ان کی تعداد میں تبدیلی۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بعد میں آنے والے لوگ پہلے والوں سے مختلف قسم کے ہوں۔

## حکم کا نفاذ

غیر رہائشی عمارتوں میں آتشزدگی سے بچاؤ کے قوانین پر عملدرآمد کرانے والا محکمہ فائر بریگیڈ ہی ہے۔ جن عمارتوں میں آگ لگنے کا زیادہ خدشہ ہو تو محکمہ فائر بریگیڈ ان کا معائنہ شروع کردیتا ہے۔ اس قسم کے دوسرے محکمے بھی ان مقامات کا خاص طور پر معائنہ کریں گے جہاں آگ سے بچاؤ کا انتظام کمزور یا خراب ہونے کی شکایت موصول ہوگی۔
اگر آپ اس حکم پر عمل نہیں کرسکتے تو محکمہ آپ کو قابل عمل مشورے دیگا اور اگر آگ کا خدشہ زیادہ ہوا تو باقاعدہ نوٹس جاری کیا جائیگا۔ سوائے شدید خطرے کے محکمہ فائر بریگیڈ آپ کیساتھ مل کر آگ سے بچاؤ کے تسلی بخش انتظامات کریگا۔

آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ

اگر کسی عمارت میں آگ کا شدید خطرہ ہوگا تو محکمہ فائر بریگیڈ چند خاص مقاصد کیلئے اس عمارت کو استعمال کرنے پر پابندی لگا دیگا۔ مثلاً یہاں سونے کی اجازت نہیں دی جائیگی اسکے علاوہ اس عمارت کے تمام یا کسی خاص حصے کو استعمال کرنے سے بھی روکا جاسکتا ہے۔ جن عمارتوں میں زیادہ خاندان رہائش پذیر ہوں ان سے متعلق یہ اختیار ہاؤسنگ اتھارٹیز سے شیئر کیا جاتا ہے۔

کوئی بھی صورتحال ہو آپ اس فیصلے کے خلاف باقاعدہ یا غیر رسمی طور پر اپیل کر سکتے ہیں۔

غیر رسمی اپیل عام طور پر فائر سیفٹی کے بڑے ماہر سے کی جاتی ہے اس طرح فائر سیفٹی حکم پر عمل کا کوئی مختلف طریقہ بھی سامنے آسکتا ہے۔

اگر یہ طریقہ کارگر نہ ہو تو آپ باقاعدہ طور پر مجسٹریٹ کے سامنے بھی اپیل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ تیکنیکی امور پر سرکاری حکام کے ساتھ متفق نہیں ہوتے تو آپ سیکریٹری آف سٹیٹ سے حتمی فیصلے کیلئے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ اگر سرکاری حکام خود ہی آپشن دیں تو آپ ان سے اتفاق بھی کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ عمارت تبدیل کر لیتے ہیں تو:


اس قسم کی صورتحال میں اکثر لوگ عمارت تبدیل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں لیکن یاد رکھیں جو خطرہ آپ نے خود کھڑا کیا ہے اس سے نمٹنے کے ذمہ دار بھی آپ ہی ہونگے اور آپ کو منصوبہ بندی اور دیگر بلڈنگ قواعد پر عمل کرنا ہی ہوگا۔ آپ کو فائر رسک اسیسمنٹ پر از سر نو غور کرنا ہوگا اور یہ دیکھنا ہوگا کہ عمارت میں تبدیلی سے خطرہ کس حد تک کم ہوگا۔ اس بات پر بھی غور کرنا ہوگا کہ کیا آپ کے اقدامات کافی ہیں یا پھر آپ کو مزید اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

جن عمارات میں آگ کا خطرہ زیادہ ہو یا ایسی عمارتیں جہاں انسانی زندگی کو خطرات لاحق ہونے کا امکان عام سطح سے زیادہ ہو تو فائر اتھارٹیز اس عمارت میں تبدیلی کا نوٹس جاری کرینگی۔ جس کے تحت آپ کو بتانا ہوگا کہ آپ عمارت میں کیا تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں۔

## رسک اسیسمینٹ (خطرے کا تجزیہ) کا آسان طریقہ

یاد رکھیں یہ مثال رسک اسیسمینٹ یا خطرے پر قابو پانے کا واحد طریقہ نہیں ہے آپ جو طریقہ بھی اختیار کریں وہ قانون کے مطابق ہونا چاہیے۔

## رسک مینجمنٹ سے پہلے




جس عمارت میں فائر رسک مینجمنٹ مقصود ہو اس کا ایک سادہ سا خاکہ تیار کریں جس میں اہم حصوں کی نشاندہی کی جاسکے مثال کے طور پر سیڑھیاں، پروڈکشن، سٹوریج اور سونے کے کمرے وغیرہ۔

اس قسم کے پلان میں خطرے کی نشاندہی کی جائے (نمبر 1 مرحلہ) جن لوگوں کو خطرہ پہنچ سکتا ہے ان کی نشاندہی کی جائے (نمبر 2 مرحلہ) اس خاکہ میں یہ بھی دکھایا جائے کہ آتشگیر مادہ کہاں کہاں موجود ہے اسکے علاوہ وہ کونسے مقامات ہیں جہاں سے آگ لگ سکتی ہے۔

آپ آگ کے متوقع ذرائع کی نشاندہی دائروں اور کراس کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں۔دائرے آتش گیر مادے کیلئے اور دائرے متوقع آگ کے ذرائع کیلئے استعمال کریں۔


**مرحلہ نمبر 3**–آپ جو بھی ایکشن لیں وہ عام آدمی کی سمجھ میں آنا چاہیے اور سب سے بڑھ کر یہ وہ مہنگا نہ ہو۔اگر کچھ انتظامات پر زیادہ مہنگے ہوں تو ان کی جگہ عارضی انتظامات کر لیں اور جب مالی حالات اجازت دیں تو پھر بھرپور اقدامات کریں۔

جب لوگ ہر قسم کے خطرات سے محفوظ ہو جائیں گے تب ہی یہ انتظامات قابل قبول ہونگے۔

**مرحلہ نمبر 4**–کے تحت ہنگامی صورتحال کا پلان مرتب کیا جائے۔اسکے علاوہ عملے کی تربیت اور ریکارڈ بھی تیار کیا جائے اور لوگوں کو آگ سے بچاؤ کی ضروری ہدایات بھی جاری کی جائیں۔

**مرحلہ نمبر 5** میں آپ کو فائر سیفٹی سسٹم پر باقاعدگی سے نظر ثانی اور از سر نو جائزہ کا عمل شروع کر کے نئے سسٹم کا فیصلہ کرنا ہوگا۔

## فائر رسک اسیسمنٹ کے بعد






آپ کے گھر کو آتشزدگی سے بچانے کی مختصر گائیڈ